## ہالا ناکہ کے مقام پر ہونیوالے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کی ہلاکت اورزخمی ہونے کا واقعہ بڑا سانحہ ہے، الطاف حسین

## حق پرست منتخب نمائندگان، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں

لندن۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہالا ناکہ حیدرآباد میں ٹرک میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کے ہلاک اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہالا ناکہ کے مقام پر ہونیوالے دھماکے کے نتیجے میں درجنوں افراد کی ہلاکت اورزخمی ہونے کا واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے جس پر ہر دردمند دل رکھنے والا انسان دکھی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت اورانتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اس قسم کے سانحات کی روک تھام اورشہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مثبت اورٹھوس اقدامات کئے جائیں اورشہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ جناب الطاف حسین نے ٹرک میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اور سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔ دریں اثناء جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے حق پرست نمائندگان، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور زخمیوں کی زندگی کے تحفظ کیلئے خون کے عطیات دیں۔

## حیدرآباد ہالا ناکہ دھماکہ، ایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں

## زخمیوں کو کے کے ایف کی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال پہنچایا اورخون کے عطیات دیئے

حیدرآباد۔۔۔28، جون 2010

حیدرآباد میں ہالا ناکہ کے مقام پرٹرک میں ہونے والے دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست عوامی نمائندے اورایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے حادثہ پرپہنچ گئے جہاں انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اورایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان نے ہالا ناکہ کے مقام پر جائے حادثہ کا دورہ کیا، متاثرین سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں، رضا کار اورایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کو کے کے ایف کی ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال حیدرآباد پہنچایا اورزخمیوں کے لئے خون کے عطیات دیئے۔ایم کیوایم اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

☆☆☆☆☆